سوال

(106)کون کون سی پیداوار میں زکوۃ ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض مزرعوں میں کئی طرح کے میوے اور زسبزیاں پیدا ہوتی ہیں کیا ان میں زکاۃ ہے؟ اور وہ کون کون سی پیداوار ہیں جن میں زکاۃ واجب ہوتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میوے اور اسی طرح وہ سبزیاں جوناپی اور ذخیرہ نہیں کی جاتیں مثلاً تربوز اور انار وغیرہ ان میں زکاۃ نہیں الا یہ کہ ان کی تجارت کی جائے تجارت کی صورت میں ان کی قیمت پر جب سال گزر جائے اور وہ نصاب کو پہنچ جائے تو دیگر تجارتی سامانوں کی طرح ان میں بھی زکاۃ واجب ہوگی البتہ وہ پھل اور غلے جوناپے اور ذخیرہ کئے جاتے ہیں جیسے کھجور، کشمش، گیہوں اور جو وغیرہ ان میں زکاۃ واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد عام ہے:

وَءاتوا حَقَّهُ يَومَ حَصادِهِ ... ١٤١ سورة الانعام

’’جس دن ان کو کاٹو ان کا حق ادا کرو۔‘‘

اور فرمایا:

وَأَقيمُوا الصَّلو‌ٰةَ وَءاتُوا الزَّكو‌ٰةَ ... ٤٣ سورة البقرة

’’نماز قائم کرو اور زکاۃ ادا کرو۔‘‘

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

’’پانچ وسق سے کم کھجور اور دانے (غلے) میں زکاۃ نہیں ہے۔‘‘ (متفق علیہ)

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ غلے جوناپے اور ذخیرہ کئے جاتے ہیں جب ان کی مقدار پانچ وسق پہنچ جائے تو اس میں زکاۃ واجب ہے نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گیہوں

اور جو میں زکاۃ لی ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے مثل غلوں میں زکاۃ واجب ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ:174

محدث فتویٰ